مسلمان بننے کی توفیق عطا کرے۔

اس کانفرنس میں شرکت تو اللہ کے غضب کو دعوت دینے والی بات ہے۔ قرآن پاک میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے کہ

"یہودی اور عیسائی ہرگز تم سے راضی نہ ہوں گے جب تک تم ان کے دین کی پیروی نہ کرنے لگ جاؤ۔ صاف کہہ دو کہ رستہ وہی ہے جو اللہ نے بتایا ہے۔ وگرنہ اس علم کے بعد جو تمہارے پاس آچکا ہے تم نے ان کی خواہشات کی پیروی کی تو اللہ کی پکڑ سے بچانے والا کوئی دوست اور مددگار تمہارے پاس نہیں ہے۔" (بقرہ:۱۲۰)

ہمیں اپنا لائحہ عمل اسی آیت کی روشنی میں طے کرنا ہے۔ وگرنہ اللہ کے غضب سے مسلمانوں کو بچانے والا کون ہے؟ —— (اُمِ قاسم)

ضروری وضاحت: زیر نظر شمارہ جلد ۲۶ کا عدد ۱۱، ۱۲ اور جلد ۲۷ کا عدد نمبر ا ہے لہٰذا ربیع الاول تا جمادی الاولی ۱۴۱۶ھ بمطابق اگست، ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۵ء پر مشتمل ہے

کشمیر کے مجاہدوں سے خطاب

یقین رحمت پروردگار میں رکھنا — امید خیر دل بے قرار میں رکھنا
عدو ہے سخت بہ ظاہر ضعیف تم ہو مگر — کرم خدا کا بھی اپنی شمار میں رکھنا
لہو سے اپنے سنوارے ہیں تم نے کوہ و دمن — لہو کا رنگ ہر اک جوئبار میں رکھنا
عدو کے قافلے پیہم گزرتے رہتے ہیں — مزاحمت کو ہر ایک رہگذار میں رکھنا
چمن تمہارے اجاڑے ہیں دشمن جان نے — جگر کے خون کی نمی لالہ زار میں رکھنا
تمہارے خون کے چھینٹوں نے کی ہے گلکاری — جگر کا خون بھی شامل، بہار میں رکھنا
چمن کھلا ہے تمہارا، تمہاری خوشبو سے — مقام اپنا اسی مرغزار میں رکھنا
عدو کے جبر سے ہجرت، وطن سے خوب نہیں — نشان قدموں کے اپنے، دیار میں رکھنا

دعائیں کرتا ہے اسرار دل سے ہر لمحہ
سکون تم بھی دل سوگوار میں رکھنا!

اسرار احمد سہاوری

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ